احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

ہفتہ 21 اپریل 2001ء

روزنامہ
CPL 61
# الفضل
PH: 0092 4524 213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 21 اپریل 2001ء - 26 محرم 1422 ہجری - 21 - شہادت 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 87

## زبان کا سچا

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ سے پوچھا گیا افضل ترین شخص کون ہے - فرمایا

مخموم القلب یعنی متقی اور پاک دل اور صدوق اللسان یعنی زبان کا سچا اور کھرا شخص

(سنن ابن ماجہ کتاب الزہد باب الورع حدیث نمبر 4206)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بدکاری فسق وفجور سب گناہ ہیں - مگر یہ ضرور دیکھا جاتا ہے کہ شیطان نے جو یہ جال پھینکا ہے اس سے بجز خدا کے فضل کے کوئی نہیں بچ سکتا - بعض وقت یونہی جھوٹ بول دیتا ہے مثلاً بازیگر نے دس ہاتھ چھلانگ ماری ہو تو محض دوسروں کو خوش کرنے کے لئے یہ بیان کر دیتا ہے کہ چالیس ہاتھ کی ماری ہے - اس قسم کی شرارتیں شیطان نے پھیلا رکھی ہیں اس لئے چاہئے کہ تمہاری زبانیں تمہارے قابو میں ہوں - ہر قسم کے لغو اور فضول باتوں سے پرہیز کرنے والی ہوں - جھوٹ اس قدر عام ہو رہا ہے کہ جس کی کوئی حد نہیں - درویش - مولوی، قصہ گو - واعظ اپنے بیانات کو سجانے کے لئے خدا سے نہ ڈر کر جھوٹ بول دیتے ہیں - اور اس قسم کے اور بہت سے گناہ ہیں جو ملک میں کثرت کے ساتھ پھیلے ہوئے ہیں -

قرآن شریف نے جھوٹ کو بھی ایک نجاست اور رجس قرار دیا ہے - جیسا کہ فرمایا ہے (-) دیکھو یہاں جھوٹ کو بت کے مقابل رکھا ہے - اور حقیقت میں جھوٹ بھی ایک بت ہی ہے ورنہ کیوں سچائی کو چھوڑ کر دوسری طرف جاتا ہے - جیسے بت کے نیچے کوئی حقیقت نہیں ہوتی اسی طرح جھوٹ کے نیچے بجز ملمع سازی کے اور کچھ بھی نہیں ہوتا - جھوٹ بولنے والوں کا اعتبار یہاں تک کم ہو جاتا ہے کہ اگر وہ سچ کہیں تب بھی یہی خیال ہوتا ہے کہ اس میں بھی کچھ جھوٹ کی ملاوٹ نہ ہو - اگر جھوٹ بولنے والے چاہیں کہ ہمارا جھوٹ کم ہو جائے، تو جلدی سے دور نہیں ہوتا - مدت تک ریاضت کریں - تب جا کر سچ بولنے کی عادت ان کو ہوگی -

(ملفوظات جلد دوم ص 265-266)

## اولاد کو وقف کرنے والے والدین کے لئے ضروری اعلان

✪ احباب جماعت میں سے ایسے والدین جن کے بچے خدمت دین کے لئے "وقف اولاد" کے تحت وقف ہیں اور یہ بچے اس سال میٹرک کا امتحان دے چکے ہیں وکالت دیوان تحریک جدید ربوہ کو اطلاع دیں تا کہ ان کے وقف اور آئندہ پروگرام کے بارہ میں ان بچوں سے براہ راست بھی خط وکتابت کی جا سکے -

بچے قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا سیکھیں - روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہیں دینی معلومات اور معلومات عامہ کو بہتر بنائیں - میٹرک کا نتیجہ نکلنے کے فوراً بعد اپنے نتیجہ کی اطلاع دیں - خدام الاحمدیہ کی مرکزی تربیتی کلاس ربوہ میں شامل ہوں - (وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

## خصوصی درخواست دعا

☆ احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے درمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ وامان میں رکھے ہر شر سے بچائے -

## مبارک تحریک

جو دوست یتامیٰ کی خبر گیری اور کفالت کے خواہشمند ہوں ایسے احباب سے گذارش ہے کہ وہ اپنی خواہش اور مالی وسعت کے لحاظ سے جو رقم بھی ماہوار مقرر کرنا چاہیں اس کی اطلاع دفتر کفالت یکصد یتامیٰ دار الضیافت ربوہ کو دیکر اپنی رقوم "امانت کفالت یکصد یتامیٰ" صدر انجمن ربوہ میں براہ راست یا مقامی انتظام کی وساطت سے جمع کروانا شروع کر دیں - ایک یتیم بچے کی کفالت کا اندازہ خرچ 500 روپے سے ایک ہزار روپے ماہوار ہے - اس وقت بفضل تعالیٰ 1200 یتامیٰ کمیٹی کی زیر کفالت ہیں -

(سیکرٹری کمیٹی یکصد یتامیٰ دار الضیافت ربوہ)

مرتبہ: فرخ سلطانی

قسط سوم آخر

# کلید مجلس عرفان

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے سوال و جواب کی یہ فہرست حضور کی مجالس عرفان، لجنہ سے ملاقات، اطفال سے ملاقات، جرمن خواتین سے ملاقات، سے مرتب کی گئی ہے جو 2000ء کے دوران الفضل میں شائع ہوتی رہیں۔

## وقف

| | |
|---|---|
| وقف زندگی اور وقف نو میں کیا فرق ہے | 29 مئی |
| کیا سب واقفین نو کو ربوہ میں تعلیم حاصل کرنا ہوگی | 21/اپریل |
| واقفین نو کے لئے سب سے اہم بات کیا ہے | 8 مئی |
| واقف نو کے فرائض | 16 مارچ |
| واقف نو بچے کس شعبہ میں دلچسپی لیں | 4 فروری |
| واقف نو کے لئے کوئی خاص Profession ہے | 27 دسمبر |
| کیا واقفین نو اپنی مرضی سے فیلڈ کا انتخاب کریں گے | 22 جولائی |
| وقف کی شرائط کیا ہیں | 23 فروری |
| کیا کنواری لڑکی وقف کر سکتی ہے | 7 جولائی |
| کس عمر میں وقف کرنا چاہئے | 27 دسمبر |

## خواتین۔ پردہ

| | |
|---|---|
| عورت کا سب سے اونچا درجہ کیا ہے | 28/اپریل |
| احمدی عورت پولیس کی ملازمت کر سکتی ہے | 8 مئی |
| ممبر لجنہ جماعت کی خدمت کیسے کر سکتی ہے | 24 مارچ |
| لیڈی ڈاکٹر جماعت کی کیا خدمت کر سکتی ہے | 7 جولائی |
| فرعون کی بیوی نے اس گندے آدمی سے شادی کیوں کی | 13/اپریل |
| احمدی خواتین کی پروفیشنل تعلیم | کیم جولائی |
| پردہ کب شروع کرنا چاہئے | کیم جولائی |
| مغربی ممالک میں پردہ | 23 ستمبر |
| کزن سے پردہ | کیم جولائی |

## حلال و حرام

| | |
|---|---|
| حلال کے ساتھ طیب کی شرط کیوں ہے | 9 ستمبر |
| یورپ میں ذبح کا طریق | 28/اپریل |
| کیا شراب کے فائدے بھی ہیں | 13/اپریل |
| سؤر کا کیا فائدہ ہے | 25 نومبر |
| Shell والی مچھلی کھانا جائز ہے | 31/اگست |
| گائے کا گوشت | 23 فروری |
| کیا جیلی حرام ہے | 4 فروری |
| جو چیزیں حلال نہیں وہ سکول میں کھا سکتے ہیں | 16 مارچ |
| کیا ہم ہندوؤں کا کھانا کھا سکتے ہیں | 21/اپریل |

| | |
|---|---|
| دودھ اور شہد کی خوبیاں کیا ہیں | 4 فروری |

## عقیقہ۔ ختنہ۔ گھٹی

| | |
|---|---|
| عقیقہ | 24 مارچ، 25 نومبر |
| لڑکے اور لڑکی کے لئے عقیقہ میں فرق کیوں ہے | 3/اپریل |
| انگلینڈ میں عقیقہ کیسے کریں | 3/اپریل |
| ختنہ کیوں ضروری ہے | 23 فروری |
| کیا گھٹی کسی بزرگ سے دلانی چاہئے | 29 مئی |

## تعلیم

| | |
|---|---|
| چھوٹے بچے کو چرچ سکول بھیجنا | 22 جولائی |
| میری ڈیوٹی مذاہب کی تعلیم دینے پر ہے میں کیا کروں | 24 مارچ |
| احمدی بچوں کو کن مضامین میں سپیشلائز کرنا چاہئے | 17 جون |
| بعض ممالک کے بچے سکول اور تعلیم سے محروم کیوں ہیں | 17 جون |
| علم اور عمل میں توازن | کیم جولائی |
| کیا لندن میں جماعت کا ہائی سکول کھولنے کا پروگرام ہے | 21/اپریل |
| کیا عورتوں کے لئے جامعہ کھولنے کا پروگرام ہے | 8 مئی |
| ممبر لجنہ کی تعلیم کے لئے حضور کی کیا ہدایت ہے | 24 مارچ |
| تعلیم میں اعلیٰ کامیابی حاصل کرنے والوں کو تمغوں کی تقسیم | 24 مارچ |

## فنون لطیفہ

| | |
|---|---|
| چہرہ کی تصویر بنانا | 21/اپریل |
| کیا میوزک سننا منع ہے | 24 جون |
| کیا ہم میوزک یا ڈرامے میں حصہ لے سکتے ہیں | 13 مئی |
| موسیقی کی کلاس میں شرکت | 4 فروری |
| کارٹون دیکھنا | 4 فروری |

## جانور۔ پرندے

| | |
|---|---|
| قرآن میں ڈائنوسارز کا ذکر | 24 جون، 31/اگست |
| ڈائنوسارز کی پیدائش کا مقصد | 17 جون |
| مچھلی کے کان | 22 جولائی |
| سمندر میں مچھلیاں نظر نہیں آتیں | 31/اگست |
| پرندوں کو پنجروں میں قید کرنا | 17 جون |
| گھر میں جانور پالنا | 19 مئی |
| جانوروں پر طبی تجربات | 3/اپریل |
| ہومیوپیتھی کا جانوروں پر اثر | 19/اگست |

## کھیل

| | |
|---|---|
| باکسنگ | 19/اگست |
| یوگا اور روحانیت | 24 مارچ |

## تاریخ و شخصیات

| | |
|---|---|
| فری میسنز | 8 مئی |

| | |
|---|---|
| مدد ٹریسا کے ساتھ خدا کا کیا سلوک ہو گا | 19 مئی |
| پرانے زمانے میں وقت کا اندازہ کیسے ہوتا تھا | 4 فروری |
| کیلنڈر کا فلسفہ | 7 جولائی |
| رسول اللہؐ کے زمانے کے لوگ زیادہ خراب تھے یا آج کے | 13 مئی |
| اہرام مصر کی یہ شکل کیوں ہے | 4 فروری |
| کیا محمد بن قاسم نے تلوار سے اسلام پھیلایا | 29 مئی |
| گزشتہ صدی کا سب سے ظالم لیڈر | 25 نومبر |
| جون آف آرک | 27 دسمبر |
| برطانیہ کی بادشاہت | یکم جولائی |
| احمدی بزرگوں کی سیرت پر مشتمل کتب | 16 مارچ |
| مسلمانوں میں اختلافات کی وجہ کیا ہے | 4 فروری |

## عذاب۔ سزائیں

| | |
|---|---|
| جوانی کے جرائم کی سزا بڑھاپے میں دی جاسکتی ہے | 9 ستمبر |
| کسی کو قتل کرنے کی سزا | 29 مئی |
| قدرتی آفات میں مرنے والوں سے خدا کا سلوک | 17 جون |
| عذابوں کی حکمت | 24 مارچ |

## زبانیں

| | |
|---|---|
| ام الالسنہ عربی | یکم جولائی |
| عربی کب شروع ہوئی | 8 مئی |
| انسان کتنی زبانیں سیکھ سکتا ہے | .... |
| مختلف ملکوں میں الگ الگ زبانیں کیوں بولی جاتی ہیں | 4 فروری |
| کیا ہمیں عربی سیکھنی چاہئے | 16 مارچ |

## بچے

| | |
|---|---|
| بچوں کی شرارتیں | 9 ستمبر |
| معذور پیدا ہونے والے بچوں کا کیا قصور ہے | 16 مارچ |
| ہم بچوں کے لئے انگریزی رسالہ کیوں نہیں نکالتے | 24 مارچ |

## پہاڑ۔ زلزلے

| | |
|---|---|
| زلزلوں کے فوائد | 24 مارچ |
| کیا زلزلے سزا کے طور پر آتے ہیں | 17 جون |
| سمندر اور پہاڑ کیسے بنتے ہیں | 29 مئی |
| آتش فشاں کیوں پھٹتے ہیں | 7 جون |

## طب وصحت

| | |
|---|---|
| ایلوپیتھک دواؤں میں الکحل | 13/اپریل |
| مچھلی کے بعد دودھ پینا | 16 مارچ .13/اپریل |
| طبی مقاصد کے لئے مردوں کی چیر پھاڑ | 24 مارچ |
| جانوروں پر طبی تجربات | 3/اپریل |
| بیماری | 24 مارچ |
| ہومیوپیتھک کا آغاز | 16 مارچ |
| ہومیوپیتھی کا جانوروں پر کیا اثر ہے | 19/اگست |
| کیا سرجری جائز ہے | 16 مارچ |
| دودھ اور شہد کی خوبیاں | 4 فروری |
| کیا ساری بیماریوں کا علاج ہو سکتا ہے | 31/اگست |
| لاعلاج مریضوں کا علاج | یکم جولائی |
| لائف سپورٹ مشین کا مریض | 22 جولائی |
| کس چیز کے کھانے سے دمہ ہوتا ہے | 21/اپریل |
| کیا کسی شدید بیمار کو رحم کرتے ہوئے مارنا جائز ہے | 3/اپریل |
| نظر لگنا | یکم جولائی |
| نظر سے محفوظ رہنے کا طریق | 13/اپریل |
| نیند میں چلنے والے | 23 فروری |
| چاکلیٹ کے نقصانات | 7 جولائی |
| اعضا کا عطیہ | 23 ستمبر |
| پلاسٹک سرجری کا جواز | 25 نومبر |
| کیا بالوں میں کئی رنگ لگانے کی اجازت ہے | 21/اپریل |
| وگ کی ممانعت کیوں ہے | 23 ستمبر |
| سگریٹ نوشی | 7 جولائی |
| Hypnotherapy کے نقصانات | 7 جولائی |

## کائنات۔ انسان۔ دیگر مخلوق

| | |
|---|---|
| کائنات کب اور کیسے بنی | 28/اپریل |
| کیا ارتقا جاری ہے | 28/اپریل |
| کیا دنیا ایک دن ختم ہو جائے گی | 28/اپریل |
| کیا تیسری عالمی جنگ کے بعد انسان مکمل طور پر تباہ ہو جائے گا | 13/اپریل |
| اور کتنی عالمی جنگیں ہوں گی | 13 مئی |
| تیسری عالمی جنگ | 24 مارچ |
| دنیا کیسے ختم ہوگی | 19/اگست |
| دوسرے سیاروں پر جانے کا کیا امکان ہے | 16 مارچ |
| دیگر سیاروں پر مخلوق ہے | 19/اگست |
| حضرت سلیمان کے جن | 22 جولائی |
| مختلف نسلوں کے انسان کیسے پیدا ہوئے | 25 نومبر |
| مختلف خطوں میں لوگوں کا فرق کیوں ہے | 4 فروری |
| کیا سائنسی ریسرچ خدا کی مرضی کے مطابق ہے | 7 جولائی |

## پاکستان

| | |
|---|---|
| پاکستان کی سب سے زیادہ کون سی چیز یاد آتی ہے | 13 مئی |
| پاکستان میں فوجی ایکشن | 24 مارچ |
| پاکستان کی خاص چیز کیا ہے | 4 فروری |

## ملینیم

| | |
|---|---|
| نئے ملینیم پر احمدیوں کو کیا کرنا چاہئے | 24 جون |
| ملینیم منانے سے لوگوں کو کیا ملا ہے | 8 مئی |
| ملینیم ڈوم کی سیر کرنا | 16 مارچ |

## موت۔ قبر۔ وصیت۔ بہشتی مقبرہ

| | |
|---|---|
| کیا بچپن میں فوت ہونے والے جنتی ہوتے ہیں | 16 مارچ .13 مئی |
| مرتے وقت سرنگ کا نظر آنا | 29 مئی |
| قبریں شمالاً جنوباً کیوں بناتے ہیں | 13/اپریل |
| مرنے کے بعد جسم کا کیا بنے گا | 19/اگست |

| | |
|---|---|
| کیا مرتے وقت انسان کو وفات یافتہ رشتہ دار نظر آتے ہیں | 21/اپریل |
| کیا مادی جسم کو سزا جزا ملے گی | 22جولائی. 25نومبر |
| کیا اہل قبرستان کو سلام پہنچتا ہے | 7جولائی |
| پکی قبریں بنانا | 7جولائی |
| قبروں پر پھول رکھنا | 25نومبر. 27دسمبر |
| پیدا ہوتے ہی فوت ہو جانے والے بچوں کی پیدائش کا کیا مقصد ہے | 31/اگست |
| ہندو مردے کیوں جلاتے ہیں | 16مارچ |
| کیا عالم برزخ میں ہم عزیزوں سے ملیں گے | 3/اپریل |
| کیا موصی ضرور جنتی ہوتے ہیں | 28/اپریل |
| وصیت اور بہشتی مقبرہ | 27دسمبر |

## متفرق سوالات

| | |
|---|---|
| تبرک | 27دسمبر |
| کیسے پتہ چلے کہ ہم مہنگی چیز خرید رہے ہیں | 28/اپریل |
| Stone Hundges میں کیا راز ہے | 4فروری |
| شجرکاری | 23فروری |
| آلودگی سے بچاؤ | 24مارچ |
| خوابوں کی تعبیر | 24جون |
| وکالت کا پیشہ | یکم جولائی |
| کیا لندن میں مکان خریدنا چاہئے | 22جولائی |
| شب برات کی حقیقت | 7جولائی |

مرتبہ:۔ڈاکٹر نصیر احمد شریف صاحب

# قبض (CONSTIPATION) اور اس کا علاج

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی کتاب ''ہومیوپیتھی علاج بالمثل'' کی روشنی میں

### ابسنتھم

### ABSINTHIUM

اس دوا میں معدے کی علامتیں بھی نمایاں ہیں بھوک نہیں لگتی غذا ہضم نہیں ہوتی ڈکار۔ متلی۔قے معدے میں اپھارہ .اور ہوا کا سخت زور ایسے مریض کو عموماً قبض رہتی ہے۔(ص 6)

### ایتھوزا

### AETHUSA

بچوں کی بھاری اکثریت شدید قبض کا شکار ہوتی ہے۔(ص25)

### ایلوز

### ALOESE

اگر اسہال کی بجائے قبض ہو تو پیٹ کے نچلے حصے میں شدید دباؤ محسوس ہوتا ہے ایلوز کا مزاج رکھنے والے مریض عموماً گوشت کھانا پسند نہیں کرتے۔ حالانکہ گوشت کھانے سے انہیں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔(ص43)

### الیومن

### ALUMEN

الیومن انتڑیوں کی بیماریوں میں بھی بہت کارآمد ہے شدید قبض اور ضدی جریان خون کے لئے مفید ہے۔(ص 47)

### برائی اونیا

### BRYONIA

برائی اونیا عضلات کے علاوہ انتڑیوں کی جھلیوں پر بھی اثر رکھتی ہے برائی اونیا کا مریض اکثر قبض کا شکار رہتا ہے۔(ص161)

### کلکیریا کارب

### CALCARIA CARB

پرانی قبض میں بھی کلکیریا کارب مفید ہے......کلکیریا کارب کی علامتیں ہوں تو وہی کام کرے گی۔ اس کے استعمال سے چند دنوں میں پیٹ میں نرمی پیدا ہو جاتی ہے اور قبض آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہے۔ اس بیماری میں اس کا فوری اثر نہیں ہوتا۔(ص197)

### وریٹرم البم

### VERATRUM ALBUM

یہ دوا دو انتہاؤں کے درمیان ہے یا سخت قبض ہوتی ہے یا بہت کھلے اسہال۔ انتہائی سخت اور ضدی قبض جو ہفتہ ہفتہ چل رہی ہو اس میں جب کوئی اور دوائی کام نہ کر رہی ہو تو وریٹرم البم کی چند خوراکیں اثر دکھاتی ہے۔(ص220)

### کاربالک ایسڈ

### CARBOLIC ACID

کبھی شدید قبض اور کبھی بہت اسہال لگ جاتے ہیں......اگر قبض ہو تو سانس سے بھی بدبو آتی ہے اس کا مطلب ہے کہ اس دوا میں بہت تعفن کا مادہ پایا جاتا ہے۔ قبض کے دوران جو متعفن مادہ باہر نہیں نکل سکتا وہ انتڑیوں کی جھلیوں کے راستے خون میں جذب ہو کر پھیپھڑوں تک پہنچتا ہے اور سانس میں بدبو پیدا کرتا ہے۔
(ص250)

### کارڈس میریانس

### CARDUS MARIANUS

شدید قبض ہو جاتی ہے۔ جو مسلسل جاری رہتی ہے۔ اجابت مٹیالے رنگ کی ہوتی ہے۔ خونی بواسیر بھی ہو جاتی ہے۔ پیشاب اکثر گہرے رنگ کا ہوتا ہے۔(ص260)

### چیلی ڈونیم

### CHELIDONIUM

اگر قبض ہو تو اجابت سخت گولیوں کی شکل میں ہوتی ہے جیسے بکری کی مینگنیاں ہوں۔
(ص276)

### کروٹیلس

### CROTALUS

مریض کو یا تو قبض ہو گی یا دست شروع ہو جائیں گے سیاہ پتلی اور متعفن اجابت جس میں خون کی آمیزش بھی ہوتی ہے۔(ص334)

### گریفائٹس

### GRAPHITS

گریفائٹس میں سخت قبض پائی جاتی ہے اور فضلہ انتڑیوں کے نچلے حصہ میں بڑے بڑے سخت ٹکڑوں کی شکل میں تہہ بہ تہہ جمع ہوتا رہتا ہے اگر انتڑیوں میں عمومی سوزش بھی ہو تو بعض دفعہ ایسے

# ملکی خبریں

ملکی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ:20-اپریل-گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں کم از کم درجہ حرارت 15 زیادہ سے زیادہ 20 درجے سنٹی گریڈ

☆ ہفتہ 21-اپریل غروب آفتاب: 6.44

☆ اتوار 22-اپریل طلوع فجر: 4-03

☆ اتوار 22-اپریل طلوع آفتاب: 5.30

## دھماکے ملک دشمن کرا رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو نے کہا ہے کہ کراچی میں تشدد اور بم دھماکوں میں ملک دشمن عناصر ملوث ہیں- انہوں نے کہا کہ پورٹ سٹی میں اب صورتحال کنٹرول میں ہے- اے پی پی کے مطابق نیشنل یونیورسٹی کمپیوٹر ایمرجنگ سائنسز کی افتتاحی تقریب کے بعد اخبار نویسوں سے اپنی گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد کے لئے شہر میں صورتحال کو خراب کر رہے ہیں- انہوں نے کہا کہ حکومت کی طرف سے امن و امان کے لئے موثر اقدامات کئے جانے سے اب صورتحال بہتر ہے اور کراچی کے حالات بالکل ٹھیک ہو جائیں گے-

## گوجرانوالہ میں دشمنی-8 قتل

واہنڈو سے چند کلومیٹر دور موضع ''گورالہ'' میں موٹر سائیکل سوار دو ملزمان نے ایک ڈیرے میں کلاشنکوفوں سے اندھا دھند فائرنگ کر کے ''عنایت گروپ'' کے سات افراد کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے- ملزمان کی فائرنگ سے پانچ افراد شدید زخمی بھی ہوئے جن میں سے تین کی حالت نازک ہے- خون کی یہ ہولی محمد طفیل چیئرمین کے ڈیرے پر کھیلی گئی جہاں کم و بیش تیرہ افراد موجود تھے-

## صوبوں کا حصہ بڑھانے کا فیصلہ

وفاقی حکومت نے قومی مالیاتی کمیشن کے نئے ایوارڈ میں صوبوں کا حصہ بڑھانے کا اصولی فیصلہ کیا ہے اس سلسلہ میں وزارت خزانہ اور منصوبہ بندی کمیشن کے حکام نے صوبوں کی تجویز پر 1998ء کے ایوارڈ میں محاصل کی تقسیم کے فارمولے پر نظرثانی شروع کر دی ہے-

## منصور الحق کی درخواست ضمانت مسترد

امریکی ریاست ٹیکساس کی ایک عدالت نے پاک بحریہ کے سابق سربراہ ایڈمرل (ر) منصور الحق کی ضمانت کی درخواست مسترد کرتے ہوئے ان کے پاکستان بھیجنے کے حوالے سے کارروائی کے آغاز کیلئے 10 مئی کی تاریخ مقرر کی ہے- واضح رہے کہ منصور الحق نیب کو فرانس سے کئے گئے دفاعی سودوں میں کمیشن اور کک بیکس وصول کرنے کے مقدمات میں مطلوب ہیں اور انہیں حکومت پاکستان کی درخواست پر پچھلے ہفتے ایف بی آئی نے گرفتار کیا تھا- آسٹن کی فیڈرل عدالت کے جج نے استغاثہ اور دفاع کے وکلاء کے دلائل سننے کے بعد ان کی درخواست ضمانت مسترد کر دی ہے-

## اسمبلیوں کی بحالی چاہتے ہیں

اے آر ڈی کے سربراہ نوابزادہ نصراللہ خان اور مسلم لیگ ہم خیال کے صدر میاں محمد اظہر نے ملک کی صورتحال اور عوامی مسائل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے جمہوریت کی فوری بحالی کے نکتہ پر اتفاق رائے ظاہر کیا ہے- البتہ جمہوریت کی فوری بحالی کے لئے اسمبلیوں کی بحالی کے معاملہ پر اختلاف رہا-

## حکومت پالیسیاں بنائے گی' کاروبار نجی شعبہ کریگا

وفاقی وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ 15 یا 16 جون کو پیش کیا جائے گا- صحافیوں سے باتیں کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پے اینڈ پنشن کمیشن سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن سے متعلق جائزہ لے رہا ہے- اس کی رپورٹ کی روشنی میں وفاقی بجٹ میں اعلان کیا جائے گا- انہوں نے کہا حکومت پالیسیاں بنائے گی' کاروبار نجی شعبہ کرے گا- ڈیوٹی ڈرابیک ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے-

## غیر ملکی کرنسی باہر لے جانے پر پابندی

سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اوپن کرنسی مارکیٹ (منی چینجروں) کو غیر ملکی کرنسیاں (کرنسی نوٹ کی شکل میں) باہر لے جانے کی جو اجازت دی گئی تھی وہ فوری طور پر واپس لے لی گئی ہے- جس کے تحت ملک کے ائرپورٹوں پر ڈیلروں کے کرنسی پارسل روک لئے گئے جبکہ دوسری طرف اوپن مارکیٹ میں بھی کاروبار بند ہو گیا-

## پاکستان سے 5 کھرب روپے طلب کرنے کا فیصلہ

عالمی بینک نے حکومت پاکستان سے پانچ کھرب روپے کی وہ رقوم طلب کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو سوشل ایکشن پروگرام کے دوسرے مرحلے کے اخراجات کے لئے فراہم کی گئی تھیں- یہ رقوم گزشتہ چار سال میں دی گئیں لیکن خورد برد کر لی گئیں- یہ بات آڈیٹر جنرل پاکستان کی جاری کردہ رپورٹ میں بتائی گئی ہے-

## بے نظیر وطن واپسی کے لئے بیتاب ہیں

بے نظیر کے خلاف کرپشن کے مقدمہ کے بارے میں سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے سے انتہائی خوش اور پر جوش سابق وزیراعظم جلد از جلد وطن واپس آنے کی تیاریوں میں [illegible] ہیں- یہ بات پارٹی کے ترجمان نے ایک بیان میں بتائی انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم سپریم کورٹ کے فیصلہ کے بعد ملکی سیاست پر پڑنے والے اثرات جاننے کے لئے بے تاب ہیں-

## پانچ برس میں قرضوں سے نجات مل سکتی ہے

ایشیائی ترقیاتی بینک کی طرف سے جاری کئے جانے والے ''ایشین آؤٹ لک'' میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان نے عالمی مالیاتی فنڈ کے ساتھ جن مختلف اصلاحات پر اتفاق کیا ہے- ان سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے میں مدد ملے گی- پاکستان نے گزشتہ سال بہترین اقتصادی کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور مجموعی ملکی پیداوار کی شرح جو پچھلے سال 3.1 فیصد تھی بڑھ کر 4.8 فیصد ہو گئی- پاکستان قرض کی موجودہ صورتحال سے آئندہ چار پانچ سالوں میں نکل سکتا ہے-

## غیر قانونی اسلحہ کے خلاف ملک گیر مہم

معلوم ہوا ہے کہ غیر قانونی اسلحہ کے خلاف ملک گیر مہم کی نگرانی فوج کی مانیٹرنگ ٹیمیں کریں گی- اور ضرورت پڑنے پر مخصوص علاقوں میں کرفیو لگا کر غیر قانونی ہتھیار برآمد کئے جائیں گے-

## جج کو ملازمت میں رکھا جائے یا نہیں

صوبہ کے عام سرکاری ملازمین کی طرح ماتحت عدلیہ کے ججوں کی سالانہ خفیہ رپورٹ (اے سی آر) کا فارم بھی تبدیل کر دیا گیا ہے- جس کی روشنی میں لاہور ہائی کورٹ نے صوبہ کے تمام ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججوں کو اختیار دے دیا گیا ہے کہ وہ ماتحت ججوں کی سالانہ خفیہ رپورٹ میں لکھیں کہ کیا اس جج کو مزید ملازمت میں رکھنا سود مند ہو سکتا ہے یا نہیں-

آنکھوں کا عطیہ دینا
صدقہ جاریہ ہے

سچی بوٹی کی گولیاں
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ
گول بازار ربوہ
☎04524-212434 Fax:213966

ڈسٹری بیوٹر: ذائقہ بناسپتی و کوکنگ آئل
بلال انٹرپرائزز
سبزی منڈی-اسلام آباد
آفس ☎051-440892-441767
رہائش ☎051-410090

دانتوں کے ماہر معالج
شریف ڈینٹل کلینک
اقصیٰ روڈ ربوہ-
فون نمبر 213218

لوہے کی چادروں کا مرکز
انصر سٹیل
پروپرائٹرز- انصر فہیم-عرفان کلیم
192-لوہار مارکیٹ لنڈا بازار لاہور
فون 7641202-7641102 فیکس 7632188
E.mail. Imran@ worldsteelbiz.com.pk

پروفیسر سعیداللہ خان ایم-اے ہومیوڈاکٹر
پرانی اور موذی امراض مثلاً شوگر' دمہ کینسر' بلڈ پریشر' تپ دق' السر' ایگزیمہ نرینہ اولاد' لیکوریا نیز مٹی چھوڑ کورس اور چھوٹا قد کورس کے لئے رابطہ فرمائیں
38/1 دارالفضل ربوہ نزد چونگی نمبر 3-فون 213207

فون: 646082
639813
جدید زیورات کا مرکز
مراد جیولرز
نزد مراد کلاتھ ہاؤس
ریل بازار فیصل آباد
ریل بازار فیصل آباد

CPL
61